میں نے ایک شخص کو دیکھا کہ اس کے چہرہ پر لڑنے کے بہت نشان ہو رہے تھے۔	رَأَيْتُ رَجُلًا فِي وَجْهِهِ خُدُوشٌ كَثِيرَةٌ
اُس نے ایسا سانس بھرا کہ میرا کلیجہ نکلنے کو ہو گیا	تَنَفَّسَ نَفَسًا كَادَ يَنْزِعُ بِهِ كَبِدِي

نہایت ضروری اور مفید جملے

ہم نے یہ روئی کاتنے کے لئے دھنکی ہے	قَدْ نَفَشْنَا هٰذَا الْعِهْنَ لِنَغْزِلَ
میں نے گھوڑے کو بالوں کا لگام دیا	أَوْجَرْتُ الْفَرَسَ لِجَامَ شَعْرٍ
اُس نے طرح طرح کے پھول اور خوشبو لگائی	دَعَا بِصُنُوفِ الرَّيَاحِينِ وَالطِّيبِ
میں دوپہر کو نکلا، اور مطلع بھڑک رہا تھا	خَرَجْتُ فِي الْهَاجِرَةِ وَالْجَوُّ يَتَلَهَّبُ
اس کے سامنے کسی کو بات کرنے کی جرأت نہیں ہوتی	لَيْسَ أَحَدٌ يَجْتَرِئُ أَنْ يَتَكَلَّمَ بَيْنَ يَدَيْهِ
وہ شیر کی آواز سنتے ہی کودا اور تلوار کھینچی	سَمِعَ زَفِيرَ الْأَسَدِ فَوَثَبَ وَسَلَّ سَيْفَهُ
پرندے نے پر جھاڑے اور اڑ گیا	اِنْتَفَضَ الطَّائِرُ جَنَاحَيْهِ وَطَارَ
وہ نظر لگانے میں بہت سخت تھا	كَانَ شَدِيدَ الْإِصَابَةِ بِالْعَيْنِ
جس چیز کو دیکھتا ہے اُسے تباہ ہی کر دیتا ہے	لَا يَنْظُرُ إِلَى شَيْءٍ إِلَّا دَمَّرَهُ
اب تو معاملہ اس طرح گذر گیا کہ تلافی ممکن نہیں	قَدْ مَضَى الْأَمْرُ الْآنَ بِمَا لَا يُمْكِنُ اسْتِدْرَاكُهُ
اگر میں اس کے بعد آپ سے کچھ پوچھوں تو مجھے ساتھ نہ رکھئے	إِنْ سَأَلْتُكَ عَنْ شَيْءٍ بَعْدَ هٰذَا فَلَا تُصَاحِبْنِي۔

اَلتَّحِيَّةُ وَالتَّسْلِيمُ

تم پر سلامتی ہو	اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ
اور تم پر بھی سلامتی ہو	وَعَلَيْكُمُ السَّلَامُ
خوش آمدید	أَهْلًا وَسَهْلًا مَرْحَبًا
آپ کا کیا حال ہے	كَيْفَ حَالُكُمْ
خدا کا شکر ہے آپ کے لئے دعا کرتا ہوں	اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ أَدْعُو لَكُمْ
خدا تمہاری صبح خیریت سے کرے	صَبَّحَكَ اللّٰهُ بِالْخَيْرِ

خدا تمہاری صبح نیک کرے	أَسْعَدَ اللّٰهُ صَبَاحَكُمْ
خدا آپ کی شام خیریت سے کرے	مَسَّاكَ اللّٰهُ بِالْخَيْرِ
خدا آپ کی شان نیک کرے	أَسْعَدَ اللّٰهُ مَسَاءَكُمْ
تمہارا دن نیک ہو	نَهَارُكُمْ سَعِيدٌ
تمہارا دن بابرکت ہو	نَهَارُكُمْ مُبَارَكٌ
میں تمہارے لئے اچھا دن چاہتا ہوں	أَتَمَنَّى لَكُمْ نَهَارًا سَعِيدًا
میرے پیارے دوست خدا تمہارے اوقات کو نیک کرے	أَسْعَدَ اللّٰهُ أَوْقَاتَكَ يَا صَدِيقِي الْعَزِيزَ
آپ کا مزاج کیسا ہے	كَيْفَ صِحَّتُكَ
میں نہایت ہی خوش ہوں اور آپ کی ملاقات سے بہت ہی خوش ہوں	إِنِّي فِي غَايَةٍ مِنَ الْانْشِرَاحِ وَسَعِيدٌ بِرُؤْيَتِكَ
میں آپ سے اجازت چاہتا ہوں	أَسْتَأْذِنُ حَضْرَتَكُمْ

اَلسُّؤَالُ عَنِ الصِّحَّةِ

جناب آپ کا کیا حال ہے	كَيْفَ حَالُكَ سَيِّدِي؟
بہت ہی اچھا ہے	بِغَايَةِ الْانْشِرَاحِ
آپ کی صحت کیسی ہے	كَيْفَ صِحَّتُكَ ؟
حسب معمول	مِثْلَ الْعَادَةِ
خدا کا شکر ہے اب اچھا ہوں	أَحْسَنُ الْآنَ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ
میں آپ کی صحت کو بگڑا ہوا دیکھ کر نہایت مغموم ہوں	أَنَا مَغْمُومٌ جِدًّا نَظَرًا إِلَى صِحَّتِكُمْ
آپ کی اہلیہ اور بچوں کا کیا حال ہے	كَيْفَ خَاطِرُ السِّتِّ وَالْمَحْرُوسِينَ؟
بال بچے کیسے ہیں	كَيْفَ حَالُ الْعَائِلَةِ؟

الحمد للہ وہ سب نہایت خوش ہیں	اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ هُمْ جَمِيْعًا بِغَايَةِ الْاِنْبِسَاطِ
آپ کی ہمشیرہ کا کیا حال ہے	كَيْفَ حَالُ اُخْتِكُمْ
اُس کی صحت بگڑی ہوئی ہے	صِحَّتُهَا مُتَقَلِّبَةٌ
اُسے کیا تکلیف ہے	مَاذَا اَصَابَهَا
بخار ہے	اَصَابَتْهَا الْحُمّٰى
بہت عرصہ ہوا میں نے آپ کے والد صاحب کو نہیں دیکھا۔ مجھے خوف ہے کہ وہ بیمار نہ ہوں	صَارَ لِيْ زَمَانٌ طَوِيْلٌ مَا رَاَيْتُ حَضْرَةَ وَالِدِكُمْ فَخَشِيْتُ اَنْ يَكُوْنَ مَرِيْضًا
واقعی وہ سخت زکام کے باعث بستر پر بیمار پڑے ہیں	اِنَّهُ فِي الْوَاقِعِ لَازِمُ الْاَوْضَةِ وَالْفِرَاشِ بِسَبَبِ رَشْحٍ قَوِيٍّ اَصَابَهُ
مگر اب انھیں بہت آرام ہے	اِلَّا اَنَّهُ اَحْسَنُ جِدًّا الْاٰنَ
آپ کی والدہ کا کیا حال ہے	كَيْفَ حَالُ وَالِدَتِكَ ؟
انھیں کھانسی کی سخت شکایت ہے	مَعَهَا سُعَالٌ شَدِيْدٌ
اُن کا کون علاج کرتا ہے	مَنْ يُعَالِجُهَا ؟
ایک ہندوستانی طبیب	اَحَدٌ مِنْ اَطِبَّاءِ الْهِنْدِ
کیا اب بھی وہ اچھی نہیں	اَلَيْسَتْ هِيَ اَحْسَنَ الْاٰنَ
اس کی صحت زیادہ بگڑی ہوئی ہے	صِحَّتُهَا عَلَى الْغَالِبِ مُتَقَلِّبَةٌ
میں امید کرتا ہوں کہ وہ جلد اچھی ہو جائیں گی	اُؤَمِّلُ اَنَّهَا تَتَعَافَى عَنْ قَرِيْبٍ

اَللِّبَاسُ

عبا گرد آلود ہو گئی	تَغَبَّرَتِ الْعَبَاءَةُ
اس کو برش سے صاف کرو	اِمْسَحْهَا بِالْفُرْشَةِ
وہ تمہاری ٹوپی کو استری کر رہا ہے	هُوَ يَكْوِيْ طَرْبُوْشَكُمْ

پاجامے کو پیوند لگا دو	رَقِّعِ السَّرَاوِيْلَ
اس کے پاس نہ سوئی ہے نہ تاگا	لَيْسَ عِنْدَهُ اِبْرَةٌ وَلَا خَيْطٌ
یہ دھبہ کالر پر کیسا ہے	مِنْ اَيْنَ هٰذِهِ الْبُقْعَةُ عَلَى الْيَاقَةِ
دھوبی نے اس کو اچھی طرح نہیں دھویا	مَا غَسَلَهَا الْقَصَّارُ جَيِّدًا
تم اپنے میلے کپڑے کیوں نہیں اتارتے	لِمَ لَا تَنْزَعُ ثِيَابَكَ الْوَسِخَةَ
بقچہ لاؤ کہ میں کپڑے بدلوں	هَاتِ الصُّرَّةَ لِاُغَيِّرَ الْمَلَابِسَ
براہ مہربانی قمیص کے بٹن لگا دو	زُرَّ الْقَمِيْصَ مِنْ فَضْلِكَ
درزی نے کرتے کی آستینیں درست نہیں کیں	مَا صَلَّحَ الْخَيَّاطُ اَكْمَامَ الْقَمِيْصِ
میرے کرتے کے بٹن کہاں ہیں	اَيْنَ اَزْرَارُ قَمِيْصِيْ
تیرا پاجامہ کس نے سیا	مَنْ خَاطَ لَكَ السَّرَاوِيْلَ ؟
میرا ٹوپی کا پھندنا کہاں ہے	اَيْنَ طُرَّةُ طَرْبُوْشِيْ ؟
جناب وہ میز پر پڑا ہے	هَا هِيَ ذَا عَلَى الطَّاوِلَةِ سَيِّدِيْ
آج میری بنیان چوری ہو گئی	سُرِقَتْ فَانِيْلَتِي الْيَوْمَ
میرا اسلیپر کس نے لیا	مَنْ اَخَذَ مَدَاسَتِيْ ؟
میری پگڑی ململ کی ہے	عِمَامَتِيْ مِنَ الشَّاشِ
یہ پگڑی ریشمی ہے یا سوتی	هٰذِهِ الْعِمَامَةُ مِنَ الْخَزِّ اَمْ مِنَ الْغَزْلِ ؟
میری چھتری کا غلاف سی دو	خِطْ لِيْ غِلَافَ الشَّمْسِيَّةِ
کراچی میں کلاہ فروش کون ہے	مَنْ بَائِعُ الطَّرَابِيْشِ فِي الْكَرَاتْشِيْ ؟
تم نے واسکٹ کی بانات کہاں سے خریدی	مِنْ اَيْنَ ابْتَعْتَ جُوْخَ صُدْرَتِكَ

اَلْفُصُوْلُ

آسمان کا کنارہ گرد آلود ہو گیا	اِغْبَرَّ الْاُفُقُ
گرمی تیز ہو گئی، ہوا تھم گئی	اِشْتَدَّ الْحَرُّ، سَكَنَتِ الرِّيْحُ

آسمان ابر آلود ہو گیا	تغیّمتِ السّماءُ
گرمی کا موسم ختم ہو گیا	انتهیٰ زمانُ الصّیفِ
بادل برابر گھر رہا ہے	ما برحَ السّحابُ متراکمًا
ہوائیں ہر طرف سے چلتی رہیں	لا زالتِ الرّیاحُ مختلفةً
سورج کی کرنیں جلا رہی ہیں	أشعّةُ الشّمسِ مُحرِقةٌ
ہمیں سایہ میں بیٹھنے دو	دعنا نجلسْ فِی الظّلِّ
موسم خراب ہو گیا	صارَ الطّقسُ ردیئًا
میں ٹھنڈی ہوا محسوس کرتا ہوں	أشعرُ بنسیمٍ باردٍ
میں سردی سے کانپ رہا ہوں	أرتعدُ مِنَ البردِ
ہم خزاں کے اخیر میں ہیں	نحنُ فِی آخرِ الخریفِ
بہار میووں کا موسم ہے	الرّبیعُ فصلُ الثّمارِ
سرما سب موسموں سے زیادہ ٹھنڈا ہے	الشّتاءُ أبردُ الفصولِ کلِّها
گرمی کا موسم سال میں سب موسموں سے زیادہ گرم ہے	والصّیفُ أحرُّ فصولِ السّنةِ
نصف سردی تک دن گھٹتے گھٹتے اخیر درجہ کو پہنچ جاتا ہے، پھر بڑھنے لگتا ہے گرمی میں دن نہایت لمبے اور راتیں چھوٹی ہوتی ہیں	یتناهی النّهارُ فی القصرِ إلی نصفِ الشّتاءِ ثمّ یأخذُ یطولُ یتناهی فی الصّیفِ طولُ النّهارِ وقصرُ اللّیلِ
اور سردی میں راتیں زیادہ لمبی اور دن چھوٹے ہوتے ہیں	ویتناهی فی الشّتاءِ طولُ اللّیلِ وقصرُ النّهارِ

الأوقاتُ والأزمنةُ

تم گذشتہ زمانہ میں کیسے رہے	کیفَ عشتَ فِی سوالفِ الأیّامِ
نہایت خوشی اور راحت سے	عشتُ بالطّیبِ والرّاحةِ

میں نے مکان کو ایک سال میں تعمیر کیا	عمّرتُ المکانَ فی سنةٍ
میں تم سے ایک ہفتہ کے بعد ملوں گا	أُلاقیكَ بعدَ أسبوعٍ
مہینہ کا نصف قریب ہو گیا	قرُبَ منتصفُ الشّهرِ
میں اور میرا دوست پرسوں سفر کریں گے	أنا وصاحبِی نسافرُ بعدَ الغدِ
آج کی رات چاندنی ہو گی	هذهِ اللّیلةُ تکونُ مُسفِرةً
مدرسہ اسلامیہ ہفتہ کے دن کھلتا ہے	تُفتحُ المدرسةُ الإسلامیّةُ یومَ السّبتِ
کیا تم اتوار کے دن میرے پاس دفتر میں آؤ گے	أتأتینی یومَ الأحدِ فی الدّیوانِ
میں اپنے سفر سے دو شنبہ کو آیا ہوں	قدِمتُ مِن سفری هذا یومَ الاثنینِ
غالباً وہ سہ شنبہ کو واپس ہو گا	ربّما یرجعُ یومَ الثّلاثاءِ
یہاں ہفتہ وار بازار بدھ کو لگتا ہے	یُسوّی السّوقُ الأسبوعیُّ ههنا یومَ الأربعاءِ
میں آئندہ پنجشنبہ کو ضروری کام کے لئے لاہور جاؤں گا	أنتقلُ إلی لاهور یومَ الخمیسِ القادمِ لحاجةٍ ضروریّةٍ
میں اس سے جمعہ کو ملنا چاہتا ہوں	أحبُّ أنْ أقابلَهُ یومَ الجمعةِ
وہ شخص پورے ایک مہینہ پیدل چلتا رہا	استمرَّ الرّجلُ علی المشیِ شهرًا کاملًا
اس کو تیس برس اسی حالت میں گذر گئے	مضی لهُ ثلاثونَ سنةً علی تلكَ الحالةِ
رات کا تھوڑا سا حصہ گذرنے پر سو جاؤں گا اور فجر سے پہلے اٹھ جاؤں گا	أرقدُ بعدَ هُویٍّ مِن اللّیلِ وأنهضُ قبلَ الفجرِ
میں اپنے کتب خانہ میں صبح کے دس بجے آیا	جئتُ إلی مکتبتِی السّاعةَ العاشرةَ صباحًا
تو نے اپنی جوتی پرسوں کہاں کھو دی	أینَ فقدتَ نعالَكَ قبلَ الأمسِ

اَلْقِرَاءَةُ وَالْكِتَابَةُ

مجھے اپنا سبق سناؤ	سَمِّعُونِي دَرْسَكُمْ
اس کو دہراؤ	كَرِّرْهُ ثَانِيًا
اس کے معنی بیان کرو	فَسِّرْ مَعْنَاهُ
پکار کر نہ پڑھو	لَا تَجْهَرْ بِالصَّوْتِ
میرا قلم بنا دو	اِبْرِ قَلَمِي
مجھے اپنا چاقو دو	اَعْطِنِي مِطْوَاتَكَ
میں انگریزی قلم سے لکھتا ہوں	اَكْتُبُ بِالرِّيشَةِ
میں تم کو لکھواتا ہوں	اَنَا اُمْلِي عَلَيْكَ
وہ میری کتاب کی نقل کر رہا ہے	هُوَ يَنْسَخُ كِتَابِي
اس سطر کو قلمزد کر دو	اُشْطُبْ عَلَى هٰذَا السَّطْرِ
مجھے اپنی پنسل مانگی دے دو	اَعِرْنِي قَلَمَكَ الرَّصَاصِيَّ
یہ سیاہی اچھی طرح نہیں چلتی	هٰذَا الْمِدَادُ لَا يَجْرِي بِسُهُولَةٍ
اس میں تھوڑا پانی ڈالو	حُطَّ فِيهِ مَاءً قَلِيلًا
میں نے اپنی کاپی کھو دی	ضَيَّعْتُ دَفْتَرِي
میری کتاب اور قلمدان لاؤ	هَاتِ كِتَابِي وَمَقْلَمَتِي
مجھ سے سلیٹ کا قلم کس نے لیا	مَنْ اَخَذَ مِنِّي قَلَمَ الْحَجَرِ
مجھے ایک انگریزی قلم عنایت کیجیے	تَفَضَّلْ عَلَيَّ بِرِيشَةٍ
کیا تم نے میرا قلم تراش اٹھایا ہے	ءَاَنْتَ اَخَذْتَ مِبْرَاتِي
میری سیاہی بہت گاڑھی ہے	مِدَادِي كَثِيفٌ جِدًّا
یہ کاغذ کھردرا ہے	هٰذَا الْقِرْطَاسُ خَشِنٌ
کسی کام کا نہیں	لَا يَصْلُحُ بِشَيْءٍ

تم اچھا نہیں پڑھتے	لَيْسَتْ قِرَاءَتُكَ جَيِّدَةً
پنسل لے کر دو صفحوں پر لکیریں کھینچو	خُذْ قَلَمَ الرَّصَاصِ وَسَطِّرْ صَفْحَتَيْنِ
گھنٹی بج گئی	دُقَّ الْجَرَسُ
دوسرے کمرے میں چلو	اِنْتَقِلُوا اِلَى اُوضَةٍ اُخْرَى

اَلْقُعُودُ وَالنُّهُوضُ

بھائی اٹھو	قُمْ يَا اَخِي
آرام سے بیٹھو	اِجْلِسْ مُسْتَرِيحًا
میرے برابر بیٹھو	اِجْلِسْ فِي جَنْبِي
ٹھیک بیٹھو	اِجْلِسْ سَوِيًّا
مجھ سے دور ہو جاؤ	تَبَاعَدْ عَنِّي ۔ اِبْعُدْ عَنِّي
اپنی جگہ بیٹھے رہو	اِلْزَمْ مَكَانَكَ
یہ جگہ مت چھوڑو	لَا تُفَارِقْ هٰذَا الْمَحَلَّ
دری پر بیٹھو	اِجْلِسْ عَلَى الزُّولِيَّةِ
راستہ سے ایک طرف ہو جاؤ	تَنَحَّ عَنِ الطَّرِيقِ
کھل کر بیٹھو	اِجْلِسْ مُتَفَسِّحًا
جہاں تم حکم کرو گے وہیں بیٹھوں گا	اَجْلِسُ حَيْثُمَا تَأْمُرُونَ
جہاں تو بیٹھا ہے وہیں رشید بیٹھا تھا	كَانَ رَشِيدٌ جَالِسًا حَيْثُمَا اَنْتَ جَالِسٌ
وہ اتنا کھڑا رہا کہ اس کے پاؤں سوج گئے	لَمْ يَزَلْ قَائِمًا حَتَّى وَرِمَتْ قَدَمَاهُ
وہ سیدھا کھڑا ہے	اِسْتَوَى قَائِمًا

میں ساری رات جاگتا رہا
وہ سویرے جاگتی ہے
تم سورج نکلنے کے بعد جاگتے ہو
میں اسے سات بجے جگاؤں گا
کھڑے، بیٹھے اور لیٹے ہوئے اللہ کو یاد کرو

سَهِرْتُ اللَّيْلَ كُلَّهُ
هِيَ تَسْتَيْقِظُ مُبَكِّرَةً
تَنْتَبِهُ بعد طلوع الشَّمْسِ
أُوقِظُهُ فِي السَّاعَةِ السَّابِعَةِ
أُذْكُرُوا اللهَ قِيَامًا وَ قُعُوْدًا وَ عَلَىٰ جُنُوْبِكُمْ

ٹو الخطاب بالخادم لزيارة مولاه

صاحب خانہ۔ میں سنتا ہوں کوئی شخص دستک دے رہا ہے
جاؤ دروازہ کھولو
خادم۔ کون دستک دیتا ہے
زائر۔ کیا خواجہ جمیل یہاں ہیں
خ۔ ہاں وہ دفتر میں ہیں
ز۔ کیا آپ برائے مہربانی انھیں میرے آنے کی خبر دیں گے
خ۔ کیا آپ یہ پوچھنے کی اجازت دیتے ہیں کہ آپ کا اسم شریف کیا ہے
ز۔ میرا نام احمد ہے
خ۔ جناب!
خواجہ احمد آپ سے ملنا چاہتے ہیں
ص۔ اُن سے کہہ دیں کہ وہ اندر آجائیں
خ۔ جناب کیا آپ ان سے ملنا چاہتے ہیں

إِنِّي أَسْمَعُ شَخْصًا يَقْرَعُ الْبَابَ
اِذْهَبْ وَافْتَحِ الْبَابَ
مَنْ يَقْرَعُ الْبَابَ؟
هَلِ الخواجه جميلٌ هٰهُنَا
نَعَمْ، هُوَ فِي مَكْتَبِهِ
أَتُرِيْدُ أَنْ تَتَكَرَّمَ وَتُخْبِرُهُ بِقُدُوْمِي
أَتَسْمَحُ أَنْ أَسْأَلَكَ مَا هُوَ إِسْمُ الْجَنَابِ؟
إِسْمِي أَحْمَدُ
يَا سَيِّدِي
الخواجه أحمد يُرِيدُ أَنْ يَزُوْرَكَ
قُلْ لَهُ يَدْخُلُ
أَتُرِيْدُ أَنْ تَدْخُلَ يَا سَيِّدِي؟

ز۔ اگر اس وقت خواجہ مشغول ہوں تو ان کو تکلیف دینا پسند نہیں کرتا
خ۔ نہیں بالکل نہیں
مہربانی فرما کر آپ اندر تشریف لے آئیے
ز۔ جناب آپ کی صبح نیک ہو
ص۔ میرے دوست آپ کو بھی صبح مبارک ہو
کرسی لیجئے اور بیٹھ جائیے میرے پیارے دوست خوش آمدید
ز۔ میں گذشتہ ہفتہ دو مرتبہ آیا لیکن نصیب میں نہیں ہوا کہ آپ سے ملوں
ص۔ میں اس وقت گھر میں موجود نہ ہونے سے افسوس کرتا ہوں
میں امید کرتا ہوں کہ آپ خوش واپس گئے ہوں گے۔
ز۔ بیشک میں بہت خوش واپس ہوا
ص۔ بیشک مجھے خوشی حاصل ہوئی
میرے قریب آجائیے تاکہ کچھ دیر باتیں کرلیں
ز۔ آپ کا بڑا مشکور ہوں گا
ص۔ آپ تمام دن میرے ساتھ رہیں
ز۔ میں اپنے بھائی کا منتظر ہوں تاکہ

إِنْ كَانَ مَشْغُوْلًا اَلْآنَ فَلَا أُحِبُّ أَنْ أُزْعِجَهُ
لَا، مُطْلَقًا
تَفَضَّلْ اُدْخُلْ
نَهَارُكَ سَعِيْدٌ يَا سَيِّدِي
نَهَارُكَ مُبَارَكٌ يَا صَدِيْقِي الْعَزِيْزَ
خُذْ، كُرْسِيًّا وَاجْلِسْ أَهْلًا وَسَهْلًا بِكَ يَا صَدِيْقِي الْعَزِيْزَ
جِئْتُ إِلَيْكَ فِي الْأُسْبُوْعِ الْمَاضِي مَرَّتَيْنِ لٰكِنْ لَمْ يَسْمَحْ لِي حَظٌّ بِأَنْ أَجِدَكَ
إِنِّي لَآتَأَسَّفُ لِعَدَمِ وُجُوْدِي فِي الْبَيْتِ إِذْ ذَاكَ
أَرْجُو أَنَّكَ رَجَعْتَ مَسْرُوْرًا
نَعَمْ، رَجَعْتُ مَسْرُوْرًا جِدًّا
لَقَدْ سَرَّنِي ذٰلِكَ
تَعَالَ نَتَحَادَثُ مَلِيًّا
أَصِيْرُ مَمْنُوْنًا لِلْغَايَةِ
إِنْ بَقِيْتَ مَعِي كُلَّ النَّهَارِ
إِنِّي أَنْتَظِرُ أَخِي كَيْ نَتَنَزَّهُ

ہم گاڑی پر سوار ہوکر صنوبر کے جنگل میں سیر کرچیں۔

بِأَنَّكُمْ سَيَّتِمْ فِي حَرْشِ الصَّنَوْبَرِ

التَّهْنِيَةُ عَلَى السَّنَةِ الْجَدِيدَةِ

جناب میں آپ کو اس سال میں اچھی صحت کے ساتھ داخل ہوتے دیکھ کر بہت خوش ہوں اور امید کرتا ہوں کہ آپ اس موقعہ پر میری مبارک باد قبول فرمائیں گے۔

سَيِّدِي أَنَا مَسْرُورٌ جِدًّا بِأَنْ أَرَاكُمْ دَاخِلِينَ فِي هٰذِهِ السَّنَةِ بِصِحَّةٍ جَيِّدَةٍ وَ أَرْجُوكُمْ أَنْ تَقْبَلُوا أَفْضَلَ تَمَنِّيَاتِي بِهٰذَا الشَّأْنِ

میں بہت ممنون ہوں، اور آپ کے لئے بھی سالِ نو کے نہایت مبارک ہونے کی خواہش کرتا ہوں، میں تمہارے لئے بھی وہی چاہتا ہوں جو آپ میرے لئے چاہتے ہیں اور امید کرتا ہوں کہ یہ سال آپ کے اور آپ کے خاندان کے لئے صحت، امن اور فراغت کا سال ہوگا۔

إِنِّي مَمْنُونٌ كَثِيرًا وَأَتَمَنَّى لَكُمْ أَيْضًا سَنَةً جَدِيدَةً سَعِيدَةً لِلْغَايَةِ إِنِّي أَتَمَنَّى لَكُمْ ذَاتَ مَا تَتَمَنَّوْنَ لِي وَ أَوَمِّلُ بِأَنَّهَا تَكُونُ لَكُمْ وَ بِعَائِلَتِكُمْ سَنَةَ صِحَّةٍ وَسَلَامَةٍ وَ إِقْبَالٍ

میں جناب کی خیر طلبی پر بہت ہی ممنون ہوں

انی فی غایۃِ الامتنانِ بجنابکم علی لُطفِ تمنیاتکم

کیا آپ اجازت دیتے ہیں میں آپ کے سامنے ایک ناچیز سا تحفہ پیش کردوں

أَتَسْمَحُونَ لِي بِأَنْ أُقَدِّمَ لَكُمْ هٰذِهِ الْهَدِيَّةَ اللَّطِيفَةَ

میں اسے دلی شکریہ کے ساتھ قبول

أَتَقَبَّلُهَا بِتَشَكُّرَاتٍ قَلْبِيَّةٍ

لیکن مجھے بھی اجازت دیجئے کہ میں اپنی طرف سے یہ انگوٹھی آپ کو دوں تاکہ اس سچی دوستی کو جو مجھے آپ سے ہے یاد دلاتی رہے

إِسْمَحُوا لِي أَنْ أُعْطِيَكُمْ هٰذَا الْخَاتَمَ فِي دَوْرِي لِكَي يَكُونَ عِنْدَكُمْ مَا يُذَكِّرُكُمْ بِخَالِصِ وِدَادِي نَحْوَكُمْ

آپ کی فیاضی کس قدر بڑی ہے کہ مجھے اس قدر قیمتی چیز دیتے ہیں

مَا أَجْزَلَ جُودَكَ بِإِتْحَافِكَ إِيَّايَ بِشَيْءٍ ثَمِينٍ هٰكَذَا

یہ تو ایک ناچیز ہدیہ ہے اور ذکر کے بھی قابل نہیں

إِنَّهَا هَدِيَّةٌ زَهِيدَةٌ لَا تَسْتَحِقُّ الذِّكْرَ

اس نشانی کے لئے جو آپ کی سچی دوستی پر دلالت کرتی ہے، میں آپ کی مہربانی کا بہت مشکور ہوں اور آپ کے لئے خوشگوار عید چاہتا ہوں

إِنِّي أَشْكُرُ أَفْضَالَكُمْ جِدًّا، لِأَجْلِ هٰذِهِ الْعَلَامَةِ الدَّالَّةِ عَلَى خُلُوصِ صَدَاقَتِكُمْ أَتَمَنَّى لَكُمْ عِيدًا أَبْهَجًا۔

خدا آپ کو برکت عطا فرمائے اور خوش زندگی عطا فرمائے

بَارَكَ اللّٰهُ لَكُمْ وَيَمْنَحُكُمْ حَيٰوةً طَيِّبَةً

آپ کی بڑی مہربانی پر میں جناب کا بہت ہی مشکور ہوں

أَشْكُرُ جَنَابَكُمْ غَايَةَ الشُّكْرِ عَلَى عَظِيمِ مَعْرُوفِكُمْ

الْعَشَاءُ

زینب کیا رات کا کھانا تیار ہے

هَلِ الْعَشَاءُ حَاضِرٌ يَا زَيْنَبُ

ہاں! وہ دسترخوان پر چن دیا گیا ہے

نَعَمْ. هَا هُوَ عَلَى الْمَائِدَةِ

تو آب ہم دسترخوان کے گرد اپنی جگہ پر بیٹھیں۔

هَلُمَّ إِذًا وَلْنَأْخُذْ مَوَاضِعَنَا عَلَى الْمَائِدَةِ

اچھا لیجیے یہ آپ کی جگہ ہے	طَيِّبٌ هَا هُوَ مَوْضِعُكَ
تولیہ لیجیے اور اپنے آگے رکھ لیجیے	خُذِ الْمِنْشَفَ وَضَعْهُ أَمَامَكَ
کیا آپ مرغی کا شوربہ پسند کرتے ہیں	أَتُحِبُّ مَرَقَةَ الدَّجَاجِ
مہربانی فرما کر مجھے تھوڑا سا دیجیے	أَعْطِنِي قَلِيلًا مِنْ فَضْلِكَ
فرمائیے کیسا ہے	كَيْفَ وَجَدْتَهَا؟
نہایت عمدہ	فَاخِرَةٌ
حسب منشا ہے بالکل ٹھیک ہے	هِيَ بِالتَّمَامِ طِبْقَ الْمُرَادِ
اگر اس میں نمک حسب ذائقہ نہیں ہے تو یہ نمک دانی ہے۔	إِذَا لَمْ تَكُنْ مُلُوحَتُهَا عَلَى ذَوْقِكَ فَهٰذِهِ الْمَمْلَحَةُ
کیا آپ چاہتے ہیں کہ تھوڑی سی مچھلی آپ کے آگے رکھوں	أَتُرِيدُ أَنْ أُضِيفَكَ شَيْئًا مِنْ هٰذَا السَّمَكِ
جناب خود تکلیف نہ فرمائیں، مجھے پلیٹ دے دیجیے میں اپنے لیے لے لوں گا۔	أَرْجُوكَ لَا تَتَحَمَّلْ ذٰلِكَ تَعِلَّةً نَاوِلْنِي الصَّاطَ وَأَنَا آخُذُ لِنَفْسِي
مجھے اجازت دے دیجیے کہ میں آپ کو ایک پسلی کا ٹکڑا دوں	دَعْنِي أُضِيفُكَ كُسْتَلَاتَةً
کیا آپ یہ مربہ اور پھل کھائیں گے	هَلْ تُرِيدُ أَنْ تَذُوقَ ذَاكَ الْمُرَبَّى وَهٰذِهِ الْأَثْمَارَ؟
میں نہیں چاہتا	إِنِّي لَا أُرِيدُ
میں اب زیادہ نہیں کھا سکتا	لَا أَقْدِرُ أَنْ آكُلَ أَكْثَرَ
آپ نے اچھی طرح نہیں کھایا	إِنَّكَ مَا أَكَلْتَ كِفَايَةً
معاف رکھیے میں نے اچھی طرح کھایا	عَنْ إِذْنِكَ إِنِّي أَكَلْتُ كِفَايَةً

معاف رکھیے میں نے بہت زیادہ کھا لیا	عَنْ إِذْنِكَ إِنِّي أَكَلْتُ كِفَايَةً
مجھے افسوس ہے کہ آپ کے لائق ہمارے پاس کوئی چیز نہیں	إِنِّي مُتَكَدِّرٌ لِأَجْلِ أَنْ لَيْسَ عِنْدَنَا شَيْءٌ يُنَاسِبُكَ
نوکر، میوہ لاؤ	يَا غُلَامُ هَاتِ الْفَاكِهَةَ
شفتالو کھائیے	كُلْ دُرَّاقَةً
یہ گرم کیک کیا اچھے ہیں	مَا أَحْسَنَ هٰذِهِ الْكَعْكَاتِ السَّخِينَةِ
براہ مہربانی یہ چائے کا پیالہ لیجیے	تَفَضَّلْ خُذْ فِنْجَانَ الشَّايِ هٰذَا
کیا آپ اس کے ساتھ تھوڑا سا دودھ چاہتے ہیں	أَتُرِيدُ مَعَهُ قَلِيلًا مِنَ الْحَلِيبِ
کیا اس میں شکر ہے	هَلْ فِيهِ سُكَّرٌ
ہاں آپ کا شکریہ	نَعَمْ كَثَّرَ خَيْرُكَ
اس مٹھائی میں سے کچھ ضرور لیجیے	خُذْ قَلِيلًا مِنْ هٰذِهِ الْحَلْوِيَّاتِ
جناب میں آپ کی اس مہمان نوازی کا بہت مشکور رہوں	إِنِّي يَا خَوَاجَهْ بِغَايَةِ الْمَمْنُونِيَّةِ لِحَضْرَتِكُمْ عَلَى الضِّيَافَةِ الْكَرِيمَةِ لِي.
اس کا ذکر نہ کیجیے، ہم ہمیشہ آپ کو خوش آمدید کہنے کے لیے تیار ہیں	ذَاكَ لَا يَسْتَحِقُّ الذِّكْرَ أَهْلًا وَسَهْلًا بِكَ دَائِمًا

☆☆☆☆☆☆☆☆☆

اَلْبَيْعُ وَالشِّرَاءُ

خریدار۔ جناب صبح نیک ہو	نَهَارُكَ سَعِيدٌ يَا خَوَاجَة
بائع۔ آپ کی صبح بھی مبارک ہو	نَهَارُكَ مُبَارَكٌ
خ۔ براہ مہربانی کپڑوں کے چند نمونے مجھے دکھا دیجیے	مِنْ فَضْلِكَ أَرِنِي بَعْضَ مَسَاطِرِ الْأَقْمِشَةِ
ب بڑی خوشی سے	بِكُلِّ سُرُورٍ
مجھے اتنا بتلا دیجیے کہ آپ کونسا رنگ پسند کرتے ہیں	قُلْ لِي مِنْ فَضْلِكَ أَيَّ لَوْنٍ تُرِيدُ
خ۔ میرے خیال میں موسم بہار کے کپڑوں کے لیے نیلا رنگ بہت عمدہ ہے	الْأَزْرَقُ عَلَى مَا أَظُنُّ هُوَ أَظْرَفُ لَوْنٍ لِثِيَابِ الرَّبِيعِ
ب۔ آپ نے ٹھیک کہا مگر باوجود اس کے بعض لوگ دھندلے رنگوں کو ترجیح دیتے ہیں۔ حتی کہ سیاہ رنگ آج کل بہت ہی دستور دکھا جاتا ہے	الْحَقُّ مَعَكَ وَلٰكِنْ مَعَ هٰذَا يُفَضِّلُونَ الْأَلْوَانَ الْقَاتِمَةَ حَتَّى أَنَّ الْأَسْوَدَ أَصْبَحَ دَارِجًا لِلْغَايَةِ فِي هٰذِهِ الْأَيَّامِ
خ۔ میں خود تو دھندلے رنگوں کو پسند نہیں کرتا	مِنْ جِهَتِي لَسْتُ أُحِبُّ الْأَلْوَانَ الْقَاتِمَةَ
ب۔ یہ لیجیے مختلف نمونے ہیں جو رنگ آپ چاہیں پسند کر لیجیے	هُوَ ذَا أَمَامَكَ نَمَاذِجُ مُخْتَلِفَةٌ تَخَيَّرِ اللَّوْنَ الَّذِي تُحِبُّهُ
خ۔ میں اس گلابی رنگ کو پسند کرتا ہوں	أُحِبُّ هٰذَا اللَّوْنَ الْوَرْدِيَّ

لیکن میں ڈرتا ہوں کہ کہیں یہ رنگ جلدی نہ اڑ جائے	وَإِنَّمَا أَخْشَى أَنْ يَبُوخَ حَالًا
ب۔ معاف فرمائیے۔ یہ رنگ بہت عرصہ تک رہے گا	عَنْ إِذْنِكَ هٰذَا الشَّكْلُ يَثْبُتُ زَمَانًا طَوِيلًا
خ۔ اچھا، اس کپڑے کی کیا قیمت لیتے ہیں	طَيِّبٌ. كَمْ تَطْلُبُ لِهٰذَا الْقُمَاشِ؟
ب۔ کم سے کم قیمت جس پر میں اسے آپ کو دے سکتا ہوں دس روپے فی گز ہے	إِنَّ أَوْطَى سِعْرٍ أَقْدِرُ أُعْطِيكَ إِيَّاهُ هُوَ عَشْرُ رُوبِيَاتٍ كُلَّ يَرْد
خ۔ تعجب ہے کیا کہا، دس روپے یہ تو بہت ہی گراں قیمت ہے بلکہ کھلی لوٹ ہے	متعجباً مَاذَا عشر روبياتٍ هٰذَا شَيْءٌ غَالٍ جِدًّا لَا بَلْ غَبْنٌ فَاحِشٌ
ب۔ میں نے آپ سے مقررہ قیمت کہہ دی ہے کیونکہ میں گاہکوں سے جھگڑا پسند نہیں کرتا	إِنِّي قُلْتُ لَكَ السِّعْرَ الْمَحْدُودَ حَيْثُ إِنِّي لَا أُحِبُّ مُسَاوَمَةَ زَبَائِنِي.
خ۔ یہ تو ٹھیک ہے لیکن اگر تانا بانا اعلیٰ درجہ کا ریشم سے بھی فرض کر لیں تو بھی دس روپے فی گز گراں ہے	هذا صحيحٌ، لٰكِنْ لَوِ افْتَرَضْنَا أَنَّ السُّدَى واللحمةَ هُمَا من أَحْسَنِ الخيوطِ الحريريَّةِ فَبِعشرِ روبياتٍ اليردُ يكونُ الثمنُ باهظاً
ب۔ اگر آپ سارا تھان خریدیں تو میں آپ کو پانچ فی صدی کمیشن دے سکتا ہوں	إِنِّي أَقْدِرُ أَنْ أتساهلَ معكَ بإسقاطِ خمسةٍ بالمائةِ إذا كنتَ تَشْتَرِي الطاقةَ كلَّها
خ۔ تب بیس گز کپڑا آٹھ روپے	اِقْطَعْ إِذًا عِشْرِينَ يَرْدًا

فی گز کے حساب سے قطع کر دیجیے	عَلٰی حسابِ ثمانِ روبیاتٍ کلَّ یردٍ
ب۔ یہ لیجیے بیس گز ہے	ھُوَ ذا عشرونَ یَرْدًا
خ۔ چونکہ میں درہم ساتھ نہیں لایا اس لئے براہ مہربانی بل اپنے کسی منشی کے ساتھ میرے پاس بھیج دیجیے۔	بما اِنّی لَسْتُ حامِلًا دَرَاھِمَ مَعِی فتتکرّمُ وَ اَرْسِلِ القائِمَةَ مَعَ اَحَدِ کُتّابِكَ اِلیَّ

الحلّاقُ والخیّاطُ

اے نائی تو نے آج بہت دیر لگائی	یا حلّاقُ اَنْتَ تَاَخَّرْتَ کثیرًا الیومَ
معاف کیجیے میں اس سے قبل نہیں آسکتا	اَرجوكَ السّماحَ مَا اَمکنَنِی اَنْ اَجِیءَ قبلَ الآنِ
استرا لگا لے	قیش الموسٰی
میں نے آنے سے پہلے پتھر پر اپنے استرے تیز کر لیے تھے۔	اِنّی سَنَنْتُ اَمْوَاسِیْ عَلَی الحجرِ قَبْلَ اَنْ اَجِیءَ
اُف تم نے کیا کیا مجھے زخمی کر دیا	آہ مَاذَا عَمِلْتَ اَنْتَ جَرَحْتَنِی
تم چاہتے ہو کہ تمہاری مونچھیں ذرا ذرا کاٹ دوں	ھَلْ تُرِیْدُ اَنْ اَقُصَّ شَارِبَكَ قَلِیْلًا؟
ضرور	لَابُدَّ
آپ چاہتے ہیں کہ آپ کے بالوں میں تھوڑا تیل ڈال دوں	ھَلْ تُرِیْدُ اَنْ اَدْھَنَ شَعْرَكَ قَلِیْلًا مِنَ الزَّیْتِ؟
اے درزی میں نے تمہیں بلایا تھا	اَیُّھَا الخَیّاطُ اِنِّی طَلَبْتُكَ

میرا ناپ لے لو	لِتَاْخُذَ قیاسِیْ
اور میرا کرتہ تیار کر دو	وَ تَعْمَلَ لِی قَمِیْصًا
کیا آپ کو صدری بھی درکار ہے	ھَلْ تُرِیْدُ صَدِیْرِیًّا؟
براہ مہربانی پہن کر دیکھو	تَفَضَّلْ لِلْبَسْ
یہ تو آپ کے بدن پر بالکل ٹھیک ہے	اِنھا قِیاسُكَ تمامًا عَلٰی قَدِّكَ
تمہیں معلوم رہنا چاہیے کہ مجھے سنیچر کے دن چاہیے۔	تکونُ عارِفًا بِاَنّی اُعوزُ یومَ السَّبْتِ
سب چیزیں ہفتہ کی صبح کو آپ کے پاس پہنچ جائیں گی	تکونُ عِنْدَكَ یَوْمَ السَّبْتِ صَبَاحًا
جناب میں لے آیا ہوں	یا سیّدی قَدْ اَحْضَرْتُ

الخِیَاطَةُ الاَھْلِیَّةُ

میرے پاس سوئی نہیں ہے	لَیْسَ عِنْدِی اِبْرَةٌ
کیا براہ مہربانی مجھے اچھی سوئی دے سکتی ہو	اَ تُرِیْدُ اَنْ تَتَکَرَّمِی وَتُعْطِیْنِی اِبْرَةً جَیِّدَةً
لو یہ بہت بھروسے کی سوئی ہے	ھَا ھُوَ ذَا اِبْرَةٌ مُعْتَبَرَةٌ جِدًّا
او ہو، اس کا سوراخ اتنا چھوٹا ہے کہ میں اس میں ڈورا نہیں پرو سکتی	آہ، ثُقْبُھَا صَغِیْرَةٌ بِھٰذَا المِقْدَارِ اِنِّی لَا اَقْدِرُ اَنْ اُعَبِّرَ فِیْھَا الخَیْطَ
لو یہ دوسری سوئی ہے	ھَا، اِبْرَةٌ غَیْرُھَا
تو اب ہم بیٹھ جائیں اور ایسے مشغول ہوں کہ اس کرتے کو بارہ بجے سے پہلے پیوند لگا چکیں۔	فَلْنَجْلِسْ حَالًا وَنَشْتَغِلْ حَیْثُ یَلْزَمُ اَنْ اُکَمِّلَ تَرْقِیْعَ ذٰلِكَ القَمِیْصِ قَبْلَ السَّاعَةِ

الثانية عشرة

میں امید کرتی ہوں کہ مجھے آپ قینچی دیں گی	أرجوك أن تناوليني المقص
آپ اس سے کیا کرنا چاہتی ہیں	ماذا تريدين أن تعملي به
میں اس سے استر کے بڑھے ہوئے کسلے کو کاٹنا چاہتی ہوں	أريد أن أقص أطراف البطانة الزائدة
کیا دیکھتی نہیں ہو کہ تم نے استر کو پیچھے ہٹا دیا ہے	ألا تنظرين كيف أنت شلّت البطانة على القفا .
میں تم سے معذرت چاہتی ہوں میں نے دیکھا نہیں تھا	أرجوك المعذرة إني ما لحظت ذلك
اس کو ادھیڑ کر نئے سرے سے سینا چاہیے	يجب أن تنقضه وتخيطه من جديد
او ہو میری سوئی سے تاگا نکل گیا	الا سُلّ الخيط من إبرتي
تیرے ٹانکے بہت بڑے اور ڈھیلے ہیں	فهبانتك كبيرة جدا ورخوة
انگشتانہ میری انگلی میں ٹھیک نہیں آتا	كشتبانى لا يناسب إصبعي
اگر آپ بدل دیں تو میں عمدہ سلائی کی کوشش کروں گا	فإذا أبدلت لي إياه أجتهد ذاتي لأحسن خياطي
لیجئے یہ میرے نزدیک عمدہ انگشتانہ ہے۔	هو ذا ، أحسن كشتبان عندي
میں تمہاری اظہار ہمدردی کا مشکور ہوں	إني ممنونة لك بأسفك على النوبة التي عندك لمساعدتي
کیا تم مجھے اپنا کب ایک دو روز کے لیے مانگا دو گی۔	فهل يمكنك أن تعيريني صنارتك مدة يوم أو يومين

میرے آرائشی سامان کے ڈبے میں تم کو ایک نیا کب ملے گا	إنك تجدين صنارة جديدة في سلة شغل التطريز التي لي
اس کب کا سرا اچھی طرح مڑا ہوا نہیں ہے	إن رأس هذه الصنارة ليس معكوفا كفاية
نہیں ، وہ بہت تیز ہے	بالعكس إنه حاد جدا
تم کو چاہیے کہ ذرا احتیاط سے کام کرو تاکہ تمہاری انگلی کو تکلیف نہ پہنچائے	ويجب أن تحترسي فيما تشتغلين لئلا تؤذي إصبعك
کیا تمہارے پاس پھول بوٹوں کی مشین ہے	هل عندك نول تطريز
ہاں ، میرے پاس نئی مشین ہے لیکن وہ میری نہیں ہے مانگی ہوئی ہے	نعم، عندي نول جديد لكنه ليس لي بل هو عارية
معلوم ہوتا ہے تم تھک گئی ہو	أرى بأنك تعبت
ہاں، میں بہت محنت سے کام کر رہی تھی یہاں آنے سے پہلے بھی	نعم ، فإني كنت أشتغل بكل جد حتى قبل مجيئي إلى هنا
بہت اچھا ، تو کوئی مضائقہ نہیں تو اب یہیں کام چھوڑ دینا چاہیے	مليح ، لا بأس ، فلنكف الآن
ہم کل بھی اس خوشگوار مقام میں آئیں گے۔	نسنأتي غدا أيضا إلى هذا المكان البهيج .
جب آئندہ مرتبہ میرے پاس آؤ گی تو آپ کو اپنی نئی مشین دکھاؤں گی۔	حينما تزوريني في المرة القادمة سأريك آلة الخياطة الجديدة التي لي
میں بڑی خوشی سے کل آٹھ بجے تم سے	إني سأمر عليك بكل سرور

ملوں گی۔	نَهَارَ غَدٍ السَّاعَةَ الثَّامِنَةَ
جب چاہو آؤ تمہارا گھر ہے	أَهْلًا بِكَ فِي سَائِرِ الْأَوْقَاتِ

القَصَّارُ

کیا اس گھر کے دھوبی تم ہو	هَلْ أَنْتَ قَصَّارُ هٰذَا الْبَيْتِ؟
جی ہاں، میں ہوں	نَعَمْ، أَنَا
میرے پاس کچھ میلے کپڑے ہیں جن کو میں تم سے دھلوانا چاہتا ہوں	عِنْدِي حَوَائِجُ أُرِيدُ مِنْكَ تَغْسِيلَهَا
اس خوان پوش کے دھونے میں احتیاط رکھنا کہ کھچ نہ جائے	إِحْتَرِسْ فِي غَسْلِ غِطَاءِ الْمَائِدَةِ هٰذَا، لِئَلَّا يَنْسَلَّ
مجھے کپڑوں کی فرد دے دیجئے	أَعْطِنِي كَشْفَ بَيَانِ الْغَسِيلِ
دیکھو تو یہ گنتی میں ٹھیک ہیں	انْظُرْ إِذَا كَانَ الْعَدَدُ مَضْبُوطًا
ایک ریشمی رومال کم ہے	يَنْقُصُ مِنْدِيلُ الْحَرِيرِ
اسے لو وہاں کرسی پر رکھا ہوا ہے	هَا هُوَ هُنَاكَ عَلَى الْكُرْسِيِّ
جب یہ کپڑے لاؤ تو یہ فرد بھی ہمراہ لانا	يَلْزَمُ تَجِيئُ بِهٰذَا الْكَشْفِ مَعَكَ لَمَّا تَعُودُ بِالْغَسِيلِ
تم دھلے ہوئے کپڑے کب لاؤ گے	مَتَى تُحْضِرُ الْغَسِيلَ
آئندہ ہفتہ	الْأُسْبُوعَ الْقَابِلَ
مجھے تین دن بعد درکار ہیں	إِنِّي أَعُوزُهَا بَعْدَ ثَلٰثَةِ أَيَّامٍ
میں پوری کوشش کروں گا	سَأَبْذُلُ كُلَّ جُهْدِي
دیر نہ کرنا ورنہ میرے پاس کوئی صاف کپڑا نہ ہوگا	لَا تَتَأَخَّرْ وَإِلَّا فَلَا يَكُونُ عِنْدِي ثَوْبٌ نَظِيفٌ
آپ بے فکر رہیں	كُنْ مُسْتَرِيحَ الْفِكْرِ

میں بہت جلد لاؤں گا	سَأُحْضِرُهَا فِي مُدَّةٍ قَرِيبَةٍ
کیا تم کپڑے لے آئے ہو	هَلْ أَحْضَرْتَ غَسِيلِي
ہاں، جناب لے آیا ہوں فرد لیجیے	نَعَمْ، يَا سَيِّدِي، تَفَضَّلْ خُذِ الْكَشْفَ
ہمیں دیکھنا چاہیے کہ سب ٹھیک ہیں	فَلْنَنْظُرْ إِذَا كَانَ الْعَدَدُ مَضْبُوطًا
سب ٹھیک ہیں اجرت دلائیے	كُلُّهَا مَضْبُوطٌ هَاتِ أُجْرَتِي

السَّاعَةُ

تمہاری گھڑی ٹھیک نہیں ہے	سَاعَتُكَ لَيْسَتْ مُسْتَقِيمَةً
آگے ہے	مُتَقَدِّمَةٌ
پیچھے ہے	مُتَأَخِّرَةٌ
اس کو گھڑی ساز کے پاس لے جاؤ	اِذْهَبْ بِهَا عِنْدَ سَاعَاتِيٍّ
اس کی سوئیاں ڈھیلی ہو گئی ہیں	اِسْتَرْخَتْ عَقَارِبُهُ
وہ گھڑی تیز ہے	تِلْكَ السَّاعَةُ سَرِيعَةٌ
اور یہ سست ہے	وَهٰذِهِ بَطِيئَةٌ
اور ہمیں ٹھیک والی کی ضرورت ہے	وَنُرِيدُ صَحِيحَةَ السَّيْرِ
گھڑی ساز سے کہو اس کی چال ٹھیک کر دو	قُلْ لِسَاعَاتِيٍّ سَوِّ سَيْرَهَا
گھڑی کو مقررہ وقت پر چابی دیا کرو	دَوِّرِ السَّاعَةَ عَلَى وَقْتٍ مُعَيَّنٍ
جاپان کی گھڑیاں سستی ہوتی ہیں	سَاعَاتُ الْيَابَانِ تَكُونُ رَخِيصَةً

لیکن جرمن کی گھڑی مضبوط اور ٹھیک رفتار کی ہوتی ہیں	لكِنَّ ساعاتِ الجرمنِ تكونُ محكمةً صحيحةَ السَّيْرِ
ہمیشہ ایک چال چلتی ہیں نہ آگے ہوتی ہیں نہ پیچھے	تَمْشِي دَائِمًا عَلى مِشْيَتِها الواحدةِ لَا تَتَقَدَّمُ وَلا تَتَأَخَّرُ
تم نے لمبی سوئیاں والا الارم بھی دیکھا ہے۔	أَرَأَيْتَ السَّاعةَ العُمومِيَّةَ طويلةَ العَقارِبِ
ہاں، بخدا شارع عام میں دیکھا ہے اس کی آواز بہت بلند ہوتی ہے کہ شہر میں ہر طرف پہنچتی ہے	إِيْ، وَاللهِ رَأَيْتُها فِي قارِعَةِ الطَّرِيقِ لَهُ صَوْتٌ عالٍ يسمع فِي جميعِ أَنْحاءِ المدينةِ
گھڑی اس زمانہ کے عجائبات سے ہے	السَّاعةُ مِنْ أَعاجِيبِ هٰذا الزَّمانِ.
اس سے ہمیں دینی کاموں میں مدد ملتی ہے	هِيَ تُساعِدُنا في كثيرٍ من الأُمُورِ الدِّينِيَّةِ
ہمیں گھڑی سے اوقاتِ نماز مقرر کرنے میں آسانی ملتی ہے	يَتَسَهَّلُ بِها تَعْيِينُ الأَوْقاتِ لِلصَّلٰوةِ
اور رمضان شریف میں تو ہمیں گھڑی کی بہت زیادہ ضرورت ہوتی ہے	وَيَشْتَدُّ احْتِياجُنا إِلَيْها فِي شَهْرِ رَمَضانَ
امسال ہم الارم والی گھڑی خریدیں گے جو ہمیں سحری کے لئے ٹھیک وقت پر جگایا کرے	نَشْتَرِي فِي هذه السنةِ السّاعةَ المنبِّهةَ الَّتِي تُوقِظُنا عَلى وقتٍ صحيحٍ لِلسَّحُورِ
چابی کا ایک وقت مقرر کرو	خَصِّصْ وَقْتًا لِلتَّدْوِيرِ

البوسطة والتلغراف

صدر ڈاک خانہ کہاں ہے	أَيْنَ البُوسْطَةُ العُمُومِيَّةُ ؟
صدر ڈاک خانہ ہسپتال کے قریب ہے	اَلْبُوسْطَةُ العمومِيَّةُ عِنْدَ المُسْتَشْفى
ڈاک خانہ کب کھلتا ہے	مَتى تُفْتَحُ البوسطةُ ؟
ڈاک خانہ اور برانچیں آٹھ بجے صبح سے پانچ بجے شام تک کھلتی ہیں	تُفْتَحُ البُوسْطَةُ والفروعُ مِنَ السّاعةِ الثامنةِ صَباحًا إِلَى الخامسةِ مَساءً.
کیا برانچ ڈاک خانہ میں خطوط پیکٹ اور پارسل رجسٹری ہو سکتے ہیں	هَلْ تقبلُ الفروعُ تسجيلَ المكاتيبِ والطُّرُودِ والمشهوداتِ؟
ہاں جو کام صدر ڈاک خانہ میں ہوتا ہے وہ برانچ میں بھی ہوتا ہے	نَعَمْ، كُلُّ ما تقبلُه البُوسْطَةُ العُمُومِيَّةُ تقبلُه الفروعُ
ٹکٹ کہاں ملتے ہیں	مِنْ أَيْنَ تُوجَدُ الطَّوابِعُ ؟
اس شخص سے جو برآمدہ میں بیٹھا ہوا ہے	مِنَ الرَّجُلِ الجالِسِ فِي الصّالُونِ
کیا ڈاک آگئی	هَلْ جاءَ البَرِيدُ ؟
ڈاک تو آگئی ہے مگر ابھی بٹنی شروع نہیں ہوئی	أَتَى البريدُ ولم تُؤْخَذْ فِي التَّوزِيعِ بَعْدُ
یہاں ڈاک کتنی مرتبہ تقسیم ہوتی ہے	كَمْ مَرَّةً تُوَزَّعُ المكاتيبُ هٰهُنا؟
دو مرتبہ	مَرَّتَيْنِ.
اس خط کی رجسٹری کرا کر رسید لے آؤ	سَجِّلْ هٰذا المَكْتُوبَ وَهاتِ الوَصْلَ

اس پلندے کو لیٹر بکس میں ڈال دو	خذ هذه الملفة وارمه في صندوق البوسطة
چھٹی کے دن صرف خطوط تقسیم ہوتے ہیں	في أيام الرخصة توزع المكاتيب فقط
رجسٹری اور منی آرڈر تقسیم نہیں ہوتے	لا توزع المسجلات ولا المحولات
خط بغیر ٹکٹ لگائے مت بھیجو ورنہ محصول دگنا ہو جائے گا۔ اور یہ مکتوب الیہ کو ناگوار ہوگا	لا ترسل المكتوب بغير إلصاق الطابع وإلا تضاعف أجرة البريد ويكبر ذلك على المكتوب إليه

اَلْقِطَارُ

دہلی کو پہلی گاڑی کب جائے گی	متى تسير القطار الأول إلى الدهلي؟
مسافر گاڑی صبح کو آٹھ بجے اور ڈاک گاڑی ساڑھے آٹھ بجے جاتی ہے	قطار الركاب يمشي الساعة الثامنة صباحا والاكسبريس ساعة ثمانية ونصف
ہمارا اسباب اتارو اور گاڑی بان کو بلاؤ کہ ہمیں اسٹیشن تک پہنچا دے	نزل عفشنا وادع عربجيا يوصلنا إلى المحطة
ٹکٹ کہاں بکتے ہیں	أين توجد التذاكر؟
اسباب کہاں تلتا ہے	أين يوزن العفش؟
قلی کہاں ہے	أين الحمال؟
ہمارا اسباب اٹھاؤ اور گاڑی میں رکھو	شل عفشنا واستودع في القطار
مزدوری کیا لو گے	كم تأخذ أجرة العفش؟
پانچ آنے	خمس آنات
یہ بہت ہے	هذا كثير

ہم اتنی مزدوری نہیں دے سکتے	لا نقدر نعطي قدر هذه الأجرة
گاڑی کے آنے تک ہم مسافر خانہ میں بیٹھیں گے	نجلس في محل الاستراحة حتى يجيء القطار
دوسرے درجہ کا کرایہ کیا ہوگا	كم أجرة الدرجة الثانية
مجھے تیسرے درجہ کا ٹکٹ دے دیجیے	أعطني تذكرة درجة ثالثة
کیا بچوں کا پورا کرایہ دیا جاتا ہے	هل تدفع عن الأطفال أجرة كاملة
اگر چار برس سے کم ہوں تو کچھ کرایہ نہیں دیا جاتا	لا يدفع عليهم شيء إذا كانوا دون أربع سنين
گھنٹی بج رہی ہے	الجرس يضرب
انجن ٹھہرنے کے لئے سیٹی دے رہا ہے	تصفر الباخرة القيام
ٹکٹ کلکٹر آگیا اور سب کے ٹکٹ دیکھ رہا ہے	جاء المكسادي وينظر تذاكر الركاب
دیکھو یہ گارڈ ہے وقت پورا ہونے کا انتظار کر رہا ہے	شف هذا مستحفظ القطار ينتظر ليستتم الوقت
وقت پورا ہو گیا۔ گارڈ نے سبز جھنڈی ہلا دی	تم الوقت حرك المستحفظ اللواء الأخضر
گاڑی اب چلنے والی ہے	كاد القطار يمشي
تم چلتی گاڑی میں نہ بیٹھو اس میں جان کا خطرہ ہے	لا تركبوا القطار حين أخذ في المشي فإن فيه خشية الهلاك
ریل گاڑی میں بغیر ٹکٹ کے سفر نہ کرنا چاہیے	إياك والسفر في القطار بغير التذكرة
اس میں گرفتاری اور بے حرمتی کا اندیشہ ہے	فيه مظنة الأسر والإهانة

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

کتبہ عبدالکریم ثمر عالیہ برلا جرکالیاں گجرات (پنجاب)

عربی زبان کی لغت پر شاہکار تصانیف

المنجد	**المعجم**	**مصباح اللغات**
قاموس القرآن	**القاموس الاصطلاحی**	**قاموس المدرسی**
بیان اللسان	**لغات القرآن**	**لغات کشوری**
فرہنگ فارسی	**فرہنگ نامہ جدید**	**جامع اللغات**
عربی بول چال	**عربی کے جدید لغات**	**عربی صفوۃ المصادر**

دار الاشاعت اردو بازار **کراچی**

فہرست کتب مفت ڈاک کے خرچ بھیج کر طلب فرمائیں

عربی زبان کی لغت پر شاہکار تصانیف

المنجد
جامع عربی اردو باتصویر لغت

[illegible]

قیمت

المعجم
جامع اردو عربی لغت

[illegible]

قیمت

مصباح اللغات
مکمل عربی اردو لغت

[illegible]

قاموس القرآن
مستند ڈکشنری — عربی اردو

[illegible]

قیمت

القاموس الاصطلاحی العدید
عربی اردو

از مولانا وحید الزماں کیرانوی

[illegible]

قیمت

قاموس المدرسی
عربی سے انگریزی، انگریزی سے عربی

دو ڈکشنریوں کا مجموعہ

[illegible]

قیمت

بیان اللسان
عربی اردو ڈکشنری

از قاضی زین العابدین سجاد میرٹھی

[illegible]

قیمت

لغات القرآن

[illegible]

قیمت

لغات کشوری
اردو

[illegible]

قیمت

فرہنگ فارسی
فارسی سے اردو جامع لغت

[illegible]

قیمت

فرہنگ نامہ جدید
فارسی اردو انگریزی

[illegible]

قیمت

جامع اللغات
اردو

[illegible]

قیمت

عربی بول چال
عربی اردو انگریزی

[illegible]

قیمت

عربی کے جدید لغات

[illegible]

قیمت

عربی صفوۃ المصادر

[illegible]

قیمت

دارالاشاعت اردو بازار **کراچی** ٹیلیفون ۲۱۳۷۶۸

فہرست کتب مفت طلب فرمائیں

Azhar Academy Ltd
DI182
£0.70P
www.islamicbookslibrary.wordpress.com